سوال

(685)خاوند کےلیے خوبصورتی اختیار کرنے کےلیے وگ لگانے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عورت کےلیے وگ لگانے کا کیا حکم ہے تاکہ وہ اپنے خاوند کےلیے زیب وزینت کرے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپس میں محبت اور تعلق مضبوط کرنے کےلیے میاں بیوی میں سے ہر ایک کا دوسرے کےلیے خوبصورتی کا انتخاب مناسب ہے لیکن شریعت اسلام کی انھیں حدود میں رہتے ہوئے جو کہ جائز ہیں جبکہ وگ کا لگانا غیر مسلموں سے شروع ہوا تھا اور اسے لگانا اور اس سے خوبصورتی حاصل کرنا ان میں ہی مشہور تھا یہاں تک کہ یہ ان کی علامت میں سے ہو گیا لہٰذا مسلمان عورت کا اسے لگانا اور اس سے خوبصورتی حاصل کرنا اگرچہ خاوند کےلیے ہو۔ پھر بھی یہ کافروں سے مشابہت ہے اور بلاشبہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے اپنے اس فرمان کے ذریعے منع کر دیا ہے۔

"مَن تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ"[1]

"جس نے کسی قوم کی مشابہت کی وہ انھیں میں سے ہے۔

(؟؟؟)لگانے میں داخل ہے بلکہ اس سے کہیں زیادہ اور (؟؟؟) ایسا کرنے والے پر لعنت کی ہے (سعودی فتویٰ کیمٹی)

---

[1]۔ صحیح مسند احمد(50/2)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کےلیے صرف

صفحہ نمبر606

محدث فتویٰ